تدریسی خاکہ(Lesson plan for urdu: Prose) ازطرف:ڈاکٹرشوکت افزاء(پروفیسراُردو)

تاریخ:

مضمون: اُردو

عنوان: ماحولیاتی توازن (کیوں اور کیسے)۔

جماعت: ساتویں(۷)

وقت: ۳۵منٹ

1۔مقصدعام(General Objecitves):

ا۔بچوں میں سُننے اور پڑھنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

۲۔بچوں میں پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

2۔مقصدخاص(Specific Objectives): سبق کے ایک اقتباس کو پڑھنا اور سمجھنا۔نئے الفاظ کے معنی جملوں کے ذریعے واضح کرنا۔مثلاً پیڑ، پودے،شدید،اُتھلا،گدلا۔

3۔آشیائی سامان(TLM.Teaching learning material) : کتاب،چارٹ، بورڈ،ڈسٹر۔

6۔آمادگی(Motivation): بچوں کو دِن کا سبق پڑھنے کے لئے اُستادایک چارٹ کے ذریعے آمادہ کرنے کی کوشش کرے گا۔اُستاد چارٹ دکھا کر پوچھے گا۔

سوال: اس چارٹ میں کیاہے؟ متوقع جواب: دُھواں۔

سوال: اورکیادکھائی دیتاہے؟ متوقع جواب: دھواں ہی دھواں۔

دوسرا چارٹ دکھا کر۔

سوال: بچواس چارٹ میں کیاہے؟ متوقع جواب: مکان اور ہری ہری گھاس۔

سوال: اس چارٹ میں اورکیانظر آتاہے؟ متوقع جواب: سرسبز پیڑ اور پودے ہیں۔

سوال: یہ چارٹ کس بارے میں ہیں؟ متوقع جواب: اس سوال کا جواب دے بھی سکتے ہیں اورنہیں بھی دے سکتے ہیں۔اس سوال کا جواب اُستاد خود دے گا یہ سب ماحول کہلاتا ہے۔اورآج جو سبق ہم پڑھانے جارہے ہیں اس کا نام:ماحولیاتی توازن

، کیوں اور کیسے؟: چلو پڑھتے ہیں اور دیکھتے ہیں ہمارے سبق میں ماحول کے بارے میں کیا لکھا ہے۔

8۔پیشکش(Presentation): اب اُستاد کی نمونے کی بلند خوانی شروع ہوگی۔ اُستاد کا پورا دھیان صحیح تلفظ، دُرست لب و لہجے اور رموزِ اوقاف پر ہوگا۔ اس کے بعد بچوں کی انفرادی بلند خوانی شروع کرائی جائے گی۔ تاکہ یہ معلوم ہو جائیں اُن کا تلفظ، لب ولہجہ اور رموز اوقاف کس حد تک دُرست ہوا ہے۔ تلفظ کو صحیح کرنے کے لئے غلط تلفظ کئے ہوئے الفاظ کی مشق تختہ سفید پر کرائی جائے گی۔ اس کے بعد نئے اور مشکل الفاظ کے معنی جملوں کے ذریعے دئے جائیں گے۔

تفہیم الفاظ:

پیڑ۔ ہمارے اسکول کے باغیچے میں انار کے دو پیڑ ہیں۔

پودے۔ میں نے اپنے باغیچے میں ٹماٹر کے پودے لگائے ہیں۔

شدید۔ پچھلے ہفتے کشمیر میں شدید برف باری ہوئی تھی۔

اُتھلا۔ ڈل جھیل کا پانی اُتھلا ہو گیا ہے۔

گدلا۔ ہمارے اسکول کے نل سے گدلا پانی آرہا ہے۔

اُستاد نمونے کے جملے دینے کے بعد بچوں کو بھی جملے بنانے کے لئے کہے گا تاکہ اُن کی تخلیقت اُجاگر ہو جائیں اور لکھنے کی مشق بھی ہو۔

خاموش مطالعہ: اب اُستاد بچوں کو سبق کا یہ اقتباس خاموشی سے پڑھنے کے لئے کہے گا تاکہ وہ یہ اقتباس خود پڑھیں اور سمجھیں۔ اس کے بعد اس اقتباس کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے تاکہ اُستاد کو یہ معلوم ہو جائیں کہ بچوں نے اس اقتباس کو کس حد تک سمجھا ہے۔

جانچ۔: سوال ۱: مختلف بیماریوں نے کون سی صورت اختیار کی ہے؟

سوال ۲: لوگوں کو کس کی تکلیف ہو رہی ہے؟

سوال ۳: دریاؤں کا پانی کیسا ہو گیا ہے؟

سوال ۴: ماحول کو بگاڑنے میں کون ذمہ دار ہے؟

گھر کا کام: ماحول پر دس جملے گھر سے لکھ کر لانے کے لئے کہا جائے گا۔

ختم شُد